تحریک التواء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا یہ اجلاس آزاد کشمیر حکومت کی طرف سے میرٹ اور این ٹی ایس کے نام پر ہزاروں کی تعداد میں تربیت یافتہ، تجربہ کار اور اعلیٰ تعلیم کے حامل سرکاری ملازمین کی برطرفیوں اور تنزلیوں کی پُر زور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے فارغ ہونے والے ملازمین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتا ہے اور انہیں یقین دلاتا ہے کہ مسلم کانفرنس ان کے باعزت بحالی کیلئے ہر سطح پر احتجاج اور کوششیں جاری رکھے گی۔ اس وقت آزاد کشمیر ایک معاشی بحران کا شکار ہے۔ سینکڑوں کی تعداد میں اکلاس کے ملازمین برطرف کئے جا چکے ہیں۔ ٹیوٹا کے سینکڑوں ملازمین بحالی کے لئے دربدر پھر رہے ہیں۔ جنگلات کے ملازمین تین، چار ماہ سے ہڑتال پر ہیں۔ اکلاس ملازمین اور بہبودِ آبادی کی خواتین تنخواہوں سے محروم ہیں۔ ایک ہزار سے زائد ایڈھاک اساتذہ کو یک جنبش قلم فارغ کر دیا گیا ہے۔ ایک ہزار کے لگ بھگ آئی ٹی ملازمین انصاف کے لئے احتجاج کر رہے ہیں۔ ہم آئی ٹی ملازمین پر پولیس تشدد کی پُر زور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت آزاد کشمیر سے صلاح احوال کا مطالبہ کرتے ہیں۔ خطرہ ہے کہ افراتفری کا یہ عالم حکومت آزاد کشمیر کے سسٹم کو دھڑن تختہ کر دے گا۔

ملک محمد نواز
ایم ایل اے